© rasailojaraid.com

## شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ کو صدمہ

دار العلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث رئیس الافتاء اور ملک کی نامور روحانی شخصیت حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ کی اہلیہ محترمہ گزشتہ ماہ بقضائے الٰہی انتقال کر گئیں۔ نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں مشائخ و علما، فضلاء، طلباء علوم دینیہ دار العلوم حقانیہ کے اساتذہ و طلبہ اور عام مسلمانوں نے شرکت کی۔ حضرت مہتمم صاحب اور نائب مہتمم صاحب اسفار کی وجہ سے جنازہ میں شرکت نہ کر سکے۔ بعد ازاں انکے گاؤں زروبی ضلع صوابی جا کر انکے ساتھ اس عظیم سانحہ پر تعزیت کی۔ ادارہ حضرت مفتی صاحب مدظلہ مولانا مفتی رشید احمد صاحب و مولانا حافظ حسین احمد صاحب اور دیگر افراد خانہ و پسماندگان کے ساتھ اس غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اور حضرت مفتی صاحب مدظلہ کو صحتِ کاملہ سے نوازے


کل پاکستان حفاظ قرآن نونہالان اسلام کا

**مقابلہ حفظ قرآن**

INTL. ISLAMIC RELIEF ORG. THE KINGDOM OF SAUDI ARABIA

برنامج تحفیظ قرآن کریم انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن (رابطہ عالم اسلامی) سعودی عرب

کل پاکستان نونہالان اسلام مقابلہ حفظ قرآن کا اہتمام کر رہا ہے جس میں درج ذیل شرائط کے حامل حفاظ کرام شرکت کر سکتے ہیں۔

**شرائط شرکت**

۱۔ بچہ / بچی حافظ قرآن ہو۔ ۲۔ عمر دس سال تک ہو۔

۳۔ مہتمم مدرسہ / اپنے استاد / سکول پرنسپل سے حفظ و عمر کی تصدیق اور تین عدد فوٹوز کے ساتھ درخواست دیں۔

۴۔ مدارس اپنے کم عمر حفاظ کے لیے مدرسہ کی طرف سے درخواست دے سکتے ہیں۔

**انعامات**

۱۔ کامیاب طلبہ کے لیے عمرے کے ٹکٹ اور سعودی عرب میں مقدس مقامات کی زیارت کا انتظام' نیز نقد انعامات۔

۲۔ کامیاب طلبہ کے مدرسین کے لئے بھی نقد انعامات ۳۔ قرآن پاک کے کیسٹ ۴۔ دیگر قیمتی انعامات

نوٹ: درخواست دینے کی آخری تاریخ 20 جون 2000ء

پہلے مرحلہ میں مختلف مقامات پر ذیلی مقابلے ہوں گے۔ آخری مقابلہ اسلام آباد میں 8 اگست کو ہوگا۔

مقابلہ میں شرکاء کے لئے آمد و رفت' قیام و طعام بذمہ ادارہ ہوگا۔

رابطہ و معلومات

مطیع الرحمن (نگران) برنامج تحفیظ قرآن کریم۔ پاکستان

پوسٹ بکس 1850 اسلام آباد پاکستان Tel :435113-4 Fax :449247


© rasailojaraid.com